City School District of ALBANY

Second-quarter survey

سٹی سکول ڈسٹرکٹ آف ایلبنی کی طرف سے اپنے طلباء اور طالبات کے گھر والوں سے سروے کا عمل شروع کیا گیا ہے تاکہ ہم 13 نومبر کو ختم ہونے والے متعینہ عرصے کے بعد کے لیے تعلیم کے حوالے سے ان کی ترجیحات کو جان سکیں۔ دوسری سہ ماہی کے دوران جو کہ یکم فروری کو ختم ہو رہی ہے طلباء اور طالبات کے لیے ڈسٹرکٹ کی طرف سے دور بیٹھ کر اور بذات خود سکول آ کر تعلیم حاصل کرنے کے طریقے بدستور دستیاب رہیں گے۔

پری کنڈرگارٹن سے لے کر گریڈ 6 تک کے تمام طلباء اور طالبات کے لیے اور K-12 کے خصوصی تعلیم کے لیے ایک ہی جگہ پر محدود کلاس رومز میں تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کے لیے بذات خود آ کر اور دور بیٹھ کر تعلیم حاصل کرنے کے طریقے دستیاب ہیں۔ کم از کم یکم فروری تک کے لیے ساتویں سے بارھویں گریڈ تک کے دوسرے طلباء اور طالبات کے لیے صرف دور بیٹھ کر تعلیم حاصل کرنا ہی ممکن ہے۔

ہمیں یہ احساس ہے کہ حالات میں تبدیلی آتی رہتی ہے اور یہ ہو سکتا ہے کہ طلباء اور طالبات کے گھر والے موسم گرما کے دوران کیے گئے فیصلوں کو تبدیل کرنے کی ضرورت محسوس کریں۔ تاہم براہ مہربانی یہ بھی ذہن میں رکھیں کہ اس دوسری سہ ماہی کے لیے آپ کے انتخاب کی گنجائش محدود ہو سکتی ہے یا COVID-19 کے حوالے سے صحت اور سلامتی کے ضابطہ عمل اور عملے کی ضروریات کی وجہ سے وہ پابندیوں کے حامل ہو سکتے ہیں۔

یہ سمجھنا بھی ضروری ہے کہ سماجی فاصلہ برقرار رکھنے کی ضرورت کی وجہ سے کلاس رومز میں گنجائش محدود ہے۔ مزید برآں دور سے تعلیم حاصل کرنے والوں کی تعداد بھی گنجائش کے قریب پہنچ رہی ہے۔ اور یہی بات ایلیمنٹری سطح پر نقل و حمل کے حوالے سے کہی جا سکتی ہے؛ سماجی فاصلے کی شرائط کو مد نظر رکھتے ہوئے مزید رائیڈر کی گنجائش بھی محدود ہے۔

ان پابندیوں کی وجہ سے اس سروے کے نتائج کو سامنے رکھتے ہوئے ہم دوسری سہ ماہی کے لیے تعلیم یا نقل و حمل کے بارے میں آپ کی کی ترجیحات پر عمل کرنے کی پوری کوشش کریں گے۔

براہ مہربانی یہ بھی ذہن میں رکھیں کہ نیویارک سٹیٹ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ اور ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ (ریاست نیویارک کے محکمہ تعلیم اور محکمہ صحت) کی ہدایات کے مطابق پورے ڈسٹرکٹ کے اندر یہ ممکن ہے کہ بچوں کو ان کے مقرر کردہ سکولوں میں اور/یا ٹیچرز کے ساتھ نہ رکھا جا سکے۔ اگر ڈسٹرکٹ آپ کے لیے آپ کے منتخب کردہ طریقہ تعلیم کو اختیار کرتا ہے ہے تو ممکن ہے سکول کا مقام اور/یا ٹیچر تبدیل ہو جائے۔ بذات خود یا دور بیٹھنے کے انتخاب کی قبولیت کی بنیاد گنجائش اور جگہ کی دستیابی پر ہو گی۔

ہم ٹیکنالوجی کی ضروریات کے حوالے سے بھی طلباء اور طالبات کے گھر والوں سے سروے کر رہے ہیں۔ اس سے ہمیں موسم خزاں کے دوران ملنے والی Chromebooks کی ترسیل میں آسانی ہو گی اور ہم اس طریقے سے پورے ڈسٹرکٹ میں فی طالب علم/طالبہ ایک کمپیوٹر کا بندوبست کر سکیں گے۔

ان سب کے ساتھ ساتھ ہم والدین اور سرپرستان کو یہ موقع بھی فراہم کر رہے کہ وہ مندرجہ ذیل تین اہم فارمز مکمل کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کریں – فوٹو اینڈ میڈیا ریلیز ایگریمنٹ (تصاویر اور میڈیا کی اشاعت کا معاہدہ)، کمپیوٹر اینڈ نیٹ ورک ایکسپیٹیبل یوز ایگریمنٹ (کمپیوٹر اور نیٹ ورک کے مناسب استعمال کا معاہدہ) اور FEPRA ڈائرکٹری انفارمیشن فارم۔

آپ کے لیے ضروری ہے کہ آپ اس سروے اور ان فارمز کو مکمل کریں تاکہ ہمارے پاس درست ترین معلومات موجود ہوں۔ براہ مہربانی تمام معلومات کو غور سے پڑھیں۔ سروے مکمل کر لینے کے بعد براہ مہربانی اس کو اپنے بچے/بچی کے سکول میں **جمعہ 23 اکتوبر کو شام 5 بجے سے پہلے پہلے** جمع کرا دیں۔

A. طالب علم/طالبہ کے متعلق معلومات

اگر ممکن ہو تو اس سیکشن کے جوابات براہ مہربانی انگلش میں اور جلی حروف میں لکھیں۔

1. طالب علم/طالبہ کا نام:

2. طالب علم/طالبہ کی ای میل:

3. طالب علم/طالبہ کی آئی ڈی:

4. گریڈ:

5. سکول:

B. رابطے کی معلومات

اگر ممکن ہو تو اس سیکشن کے جوابات براہ مہربانی انگلش میں جلی حروف میں لکھیں۔

1. اولین رابطہ کیا جانے والا شخص:

2. طالب علم/طالبہ کے ساتھ رشتہ:

3. فون نمبر:

4. ای میل:

5. پتہ:

C. طریقہ تعلیم

اگلے متعین کردہ عرصہ کے دوران جگہ دستیاب ہونے کی صورت میں براہ کرم اگلے متعین کردہ عرصے کے لیے اپنے پسندیدہ طریقہ تعلیم کا انتخاب کریں۔

1. □ سکول آ کر

2. □ دور بیٹھ کر

D. آمدورفت

براہ مہربانی آمدورفت کے حوالے سے اپنی ضروریات کی نشان دہی کیجیے۔

1. □ میرا بچہ/میری بچی ٹرانسپورٹ کا حقدار ہے اور اس کو ٹرانسپورٹ کی ضرورت **ہو گی**

2. □ میرا بچہ/میری بچی ٹرانسپورٹ کا حقدار ہے لیکن اس کو ٹرانسپورٹ کی ضرورت **نہیں ہو گی**. ضرورت پڑنے پر میں اس کو سکول سے لانے اور لے جانے کے لیے متبادل بندوبست کر لوں گا/گی۔

3. □ میرا بچہ/میری بچی ٹرانسپورٹ کا/کی حقدار نہیں۔

4. □ اطلاق نہیں ہوتا: استحقاق سے قطع نظر میرے بچے/میری بچی کو ٹرانسپورٹ کی ضرورت نہیں ہو گی کیونکہ کم از کم دوسرے متعینہ عرصے کے آخر (یکم فروری) تک اس کا اندراج مکمل طور پر دور بیٹھ کر تعلیم حاصل کرنے کے لیے ہوا ہے۔

E. ٹیکنالوجی تک رسائی

براہ مہربانی اپنے بچے/اپنی بچی کی ٹیکنالوجی تک موجودہ رسائی کی نشان دہی کریں۔ ڈسٹرکٹ کی طرف سے فراہم کردہ ڈیوائس (Chromebook) پر اپنے بچے/اپنی بچی کی رسائی کی موجودہ سطح کی نشان دہی کریں۔ براہ مہربانی اپنے گھر میں موجود قابل اعتماد براڈ بینڈ انٹرنیٹ تک رسائی کی بھی نشان دہی کریں۔

4. Grade:

1. ڈسٹرکٹ کی طرف سے جاری کردہ (Chromebook) تک رسائی:

a- □ Chromebook تک بلا شرکت غیر/انفرادی طور پر رسائی

b- □ گھر میں موجود دوسرے طلباء اور طالبات/بچے اور بچیوں کے ساتھ مشترکہ رسائی

c- □ کوئی Chromebook نہیں

d- □ Chromebook جاری کی گئی تھی لیکن کام نہیں کر رہی

2. غیر متزلزل براڈ بینڈ انٹرنیٹ تک رسائی:

a- □ پرووائیڈر کی طرف سے فراہم کردہ غیر متزلزل براڈ بینڈ انٹرنیٹ

b- □ ڈسٹرکٹ کی طرف سے جاری کردہ موبائل ہاٹ سپاٹ

c- □ سیلیولر نیٹ ورک یا دوسرے طریقوں کے ذریعے غیر مسلسل رسائی

d- □ براڈ بینڈ انٹرنیٹ تک رسائی موجود نہیں

F. والد/والدہ/سرپرست کے دستخط

1- جلی حروف میں نام:

2- دستخط:

3- تاریخ:

City School District of ALBANY

سٹی سکول ڈسٹرکٹ آف ایلبنی
فوٹو اینڈ میڈیا ریلیز فارم
تعلیمی سال 21-2020
تجدید شدہ اکتوبر 2020

سکول ____________ **والد/والدہ/سرپرست کا ای میل** ______________
طالب علم/طالبہ کا نام ______________ **گریڈ** ___ **ٹیچر** __________

سٹی سکول ڈسٹرکٹ آف ایلبنی کی طرف سے اپنے عملے اور طلباء اور طالبات کے لیے مثبت سرگرمیوں، اعزازات اور کام کو فروغ دینے کی اجتماعی طور پر کوشش کی جا رہی ہے۔ اس مقصد کے لیے ڈسٹرکٹ کی پبلیکیشنز اور مارکیٹنگ میٹیریل، ڈسٹرکٹ کی ویب سائیٹ اور میڈیا کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ہو سکتا ہے ایسے مواقع آئیں جہاں طلباء اور طالبات کی تصاویر کھینچی جائیں اور ان کے نام اور کلاس روم یا سکول سے ان کی نشان دہی کی جائے۔ تاہم ہمیں اس بات کا احساس ہے کہ ہو سکتا ہے بعض والدین ہم سے یہ چاہیں کہ ہم ان کے بچوں کی نشان دہی نہ کریں۔ براہ مہربانی یہ سمجھ لیں کہ یہ رضامندی صرف پبلک ریلیشنز اور میڈیا کے لیے استعمال ہونے والی تصاویر اور الفاظ کے لیے ہے۔ اس کا اطلاق ورچوئل ماحول (جیسا کہ Google Classroom/Google Meet) میں فراہم کردہ تربیتی ہدایات پر نہیں ہوتا۔ براہ کرم ذیل میں دیے گئے فارم کو پر کر کے اس پبلسٹی کے متعلق ہمیں اپنی رائے سے آگاہ کریں۔

YES
جی ہاں ☐

میں، (والد/والدہ/سرپرست یا طالب علم/طالبہ) ______________ سٹی سکول ڈسٹرکٹ آف ایلبنی کو اس بات کی اجازت دیتا/دیتی ہوں کہ وہ ڈسٹرکٹ کی کسی بھی پبلیکیشن بشمول نیوز لیٹرز، کیلنڈرز، میڈیا پراجیکٹس، بروشرز، سکول یا ڈسٹرکٹ کی ویب سائیٹس یا کسی بھی دیگر براڈکاسٹ، آن لائن یا پبلیکیشن میڈیا کے لیے میرے بیٹے/میری بیٹی کی یا میری (اگر میں ایک ایسا/ایسی طالب علم/طالبہ ہوں جس کی عمر 18 سال سے زیادہ ہے) کی تصویر کھینچ سکتے ہیں۔

NO
جی نہیں ☐

میں، (والد/والدہ/سرپرست یا طالب علم/طالبہ) ______________ سٹی سکول ڈسٹرکٹ آف ایلبنی کو اس بات سے **منع کرتا/کرتی ہوں** کہ وہ ڈسٹرکٹ کی کسی بھی پبلیکیشن بشمول نیوز لیٹرز، کیلنڈرز، میڈیا پراجیکٹس، بروشرز، سکول یا ڈسٹرکٹ کی ویب سائیٹس یا کسی بھی دیگر براڈکاسٹ، آن لائن یا پبلیکیشن میڈیا کے لیے میرے بیٹے/میری بیٹی کی یا میری (اگر میں ایک ایسا/ایسی طالب علم/طالبہ ہوں جس کی عمر 18 سال سے زیادہ ہے) کی تصویر کھینچ سکتے ہیں۔

______________________ ____________
والد/والدہ/سرپرست یا طالب علم/طالبہ کے دستخط تاریخ

پتہ ______________________ فون نمبر ____________

*****براہ مہربانی یہ فارم جلد سے جلد سکول میں واپس بھجوائیں*****

اگر ہمیں یہ فارم واپس نہیں ملتا تو ہم اس کا مطلب یہ لیں گے کہ آپ یہ **نہیں چاہتے/چاہتیں** کہ آپ کے بچے/کی بچی کی تصویر کھینچی جائے۔ یہ فارم آپ کے بچے/کی بچی کے سکول میں اس کی فائل میں موجود رہے گا۔ اگر کوئی ایسے حالات پیدا ہوں کہ پبلسٹی کے حوالے سے آپ کے بچے کے سٹیٹس میں کوئی تبدیلی آ جائے تو براہ کرم سکول اور ڈسٹرکٹ کمیونیکشز ڈیپارٹمنٹ کو تحریری طور پر جلد از جلد مطلع کریں۔

CITY SCHOOL DISTRICT of ALBANY

1 Academy Park Albany, New York 12207
(518) 475-6175 Fax: (518) 475-6199

BOARD of EDUCATION
Anne Savage, President • Vickie Smith, Vice President • Tabetha Wilson, Secretary
Damarise Mann • Sridar Chittur, Ph.D. • Ellen Krejci • Hassan I. Elminyawi

CSDA کا کمپیوٹر اور نیٹ ورک کے مناسب استعمال کا معاہدہ

بورڈ آف ایجوکیشن نے طلباء اور طالبات کے لیے سیکھنے اور سکھانے کے ماحول کو بہترین طریقے سے استعمال کرنے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ اس ڈسٹرکٹ کے نزدیک طلباء اور طالبات کی کمپیوٹر نیٹ ورک بشمول انٹرنیٹ تک رسائی تعلیم اور تحقیق کے لیے ایک مؤثر اور سود مند طریقہ ہے اور اس کی طرف سے ڈسٹرکٹ کے کلاس رومز میں صرف سیکھنے اور سکھانے کو رواج اور فروغ دینے کے مقصد کے لیے کمپیوٹرز اور کمپیوٹرز سے متعلقہ ٹیکنالوجی کے استعمال کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ براہ مہربانی کمپیوٹر اور نیٹ ورک کے استعمال کے حوالے سے بورڈ آف ایجوکیشن کی مندرجہ ذیل پالیسیز ملاحظہ فرمائیں: 4256، 4256.1، 5695۔

طلباء اور طالبات کو چاہیے کہ وہ اپنے سکول کے اکاؤنٹ کو اپنے کلاس روم کا ایک اضافی حصہ ہی سمجھیں اور اس کا ادب و احترام بھی اسی طریقے سے واجب ہو گا جس کی ہم سکول میں توقع کرتے ہیں۔ ہمارے سٹوڈنٹ کوڈ آف کنڈکٹ (طلباء اور طالبات کے لیے دستورالعمل) والی ہینڈ بک میں دی گئی پالیسیز اور طریقہ کار ہمارے ڈجیٹل طریقہ تعلیم پر بھی لاگو ہوں گے۔ والدین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ آن لائن استعمال کے اصولوں اور اس کے بحفاظت استعمال کے بارے میں اپنی بچوں سے بات کر کے ہمارے ٹیچرز اور اپنے بچوں کے درمیان ہونے والی گفتگو کی تائید کریں۔

ڈسٹرکٹ کے تمام طلباء اور طالبات اور عملے کے لیے مندرجہ ذیل سرگرمیاں ممنوع قرار دی گئی ہیں۔

1. نیٹ ورک کو تجارتی مقاصد، مالی مفاد، ذاتی کاروبار، مصنوعات کی تشہیر، سیاسی اثر اندازی، خریداری یا قمار بازی کے لیے استعمال کرنا
2. کاپی رائیٹ یا ذہنی ملکیت کے دوسرے حقوق کی خلاف ورزی بشمول ڈسٹرکٹ کے کمپیوٹر نیٹ ورک پر کاپی رائیٹ والے کسی سافٹ ویئر کو نقل کرنا، انسٹال کرنا، وصول کرنا، یا مہیا کرنا۔
3. نیٹ ورک کو فحش، نازیبا یا جنسی نوعیت کے مواد کو وصول کرنے بھیجنے یا مہیا کرنے کے لیے استعمال کرنا۔
4. نیٹ ورک کو ایسے میسجز کو وصول کرنے بھیجنے یا مہیا کرنے کے لیے استعمال کرنا جو نسلی امتیاز پر مبنی، صنفی امتیاز پر مبنی، گالی گلوچ والے، فحش یا دوسروں کو ہراساں کرنے والے ہوں۔
5. کسی دوسرے شخص کا اکاؤنٹ یا پاس ورڈ استعمال کرنا۔
6. دوسروں کے ای میل اسائنمنٹس یا کام کو پڑھنے، حذف کرنے، نقل کرنے یا اس میں تبدیلی لانے کی کوشش کرنا یا دوسروں کی ای میل بھیجنے اور/یا وصول کرنے، سیکھنے یا کام کرنے کی استعداد میں جان بوجھ کر مداخلت کرنا۔
7. لوگوں کو غیر مطلوب ای میل بھیجنے (سپیم کرنے) یا گمنام میسیجز اور فائلز بھیجنے کے لیے نیٹ ورک کا استعمال کرنا۔
8. کسی دوسرے کے ذاتی پتے، ٹیلیفون نمبر یا دیگر ذاتی معلومات کا افشاء کرنا۔
9. نیٹ ورک کے فلٹرنگ یا ڈیسک ٹام کے حفاظتی پروگرامز سے گریز کرنے کی کوشش کرنا۔

VISION STATEMENT *The City School District of Albany will be a district of excellence with caring relationships and engaging learning experiences that provide equitable opportunities for all students to reach their potential.*

MISSION STATEMENT
We will work in partnership with our diverse community to engage every learner in a robust educational program designed to provide the knowledge and skills necessary for success.

خلاف ورزیاں

نیٹ ورک کو نامناسب طریقے سے استعمال کرنے والوں سے ان کی نیٹ ورک تک رسائی کی سہولت واپس لی جا سکتی ہے اور ان کے خلاف قانون کے تحت اور لاگو ہونے والے دستورالعمل اور معاہدات کے مطابق مزید تادیبی کاروائی کی جا سکتی ہے۔

پرائیویسی کے حقوق

تمام ڈیٹا فائلز اور سٹوریج کی جگہ ڈسٹرکٹ کی ملکیت تصور کی جائے گی جس پر ڈسٹرکٹ کا اختیار ہو گا اور اس کی طرف سے اس کا معائنہ کیا جا سکے گا۔ صارف کو ڈسٹرکٹ کے نیٹ ورک کے ذریعے سٹور کی ہوئی یا رسائی کی ہوئی معلومات کو پرائیویٹ رکھنے کی توقع **نہیں** رکھنی چاہیے۔

کمپیوٹر میں رکھے گئے ریکارڈز بشمول ای میلز کو "ریکارڈز" تصور کیا جائے گا جن تک عوام الناس کی رسائی نیویارک سٹیٹ فریڈم آف انفارمیشن لاء کی شرائط کے مطابق ہو سکے گی۔

میں، ______________________________ یہ سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ کمپیوٹر کے نیٹ ورک پر میری سرگرمیوں پر نظر رکھی جائے گی اور میں اس معاہدے کی شرائط کی پابندی کا/کی ذمہ دار ہوں۔

تاریخ: ___________________

CITY SCHOOL DISTRICT of ALBANY
1 Academy Park Albany, New York 12207
(518) 475-6175 Fax: (518) 475-6199

BOARD of EDUCATION
Anne Savage, President • Vickie Smith, Vice President • Tabetha Wilson, Secretary
Damarise Mann • Sridar Chittur, Ph.D. • Ellen Krejci • Hassan I. Elminyawi

FERPA کے تحت ڈائرکٹری میں دی گئی معلومات کے افشاء کی اجازت نہ دینا

دی فیڈرل فیملی ایجوکیشنل رائیٹس اینڈ پرائیویسی ایکٹ (FERPA) کے قوانین کا اطلاق سکول ڈسٹرکٹ کی طرف سے کسی طالب علم/طالبہ کے ریکارڈز کے عوام الناس یا فریقین ثالث پر افشاء کرنے پر ہوتا ہے۔ FERPA کی شرائط کے تحت ڈسٹرکٹس کو والدین کی اجازت کے بغیر ڈائرکٹری میں سے کچھ مخصوص معلومات کا اجراء کرنے کی اجازت ہوتی ہے۔

FERPA سے استثناء کے تحت سکول ڈسٹرکٹ کو سکول اور ڈسٹرکٹ کی پبلیکیشنز میں کسی طالب علم/طالبہ کی کامیابیوں اور سرگرمیوں کی تشہیر کی اجازت دی جاتی ہے۔

ان کی مثالوں میں مندرجہ ذیل شامل ہیں لیکن یہ ان ہی تک محدود نہیں:

- ☐ گریجوایشن پروگرامز
- ☐ ایئر بکس
- ☐ ڈرامہ یا موسیقی دکھائی گئی کارکردگی
- ☐ اعزازی فہرست/کار کردگی کی فہرستیں اور تقریبات
- ☐ سپورٹس سے متعلق گائیڈز اور پبلیکیشنز

ڈائرکٹری میں دی گئی معلومات کی مثالیں:

- ☐ طالب علم/طالبہ کا نام
- ☐ پتہ
- ☐ ٹیلیفون کی تفصیلات
- ☐ الیکٹرانک میل ایڈریس
- ☐ تصویر
- ☐ تاریخ پیدائش اور جائے پیدائش
- ☐ بنیادی شعبہ تعلیم
- ☐ سکول میں رہنے کی تاریخیں
- ☐ گریڈ لیول
- ☐ سرکاری طور پر منظور شدہ سرگرمیوں اور کھیلوں میں شمولیت
- ☐ وزن اور قد
- ☐ حاصل کردہ ڈگریاں، اعزازات اور انعامات
- ☐ وہ تعلیمی ادارہ جس میں میں سب سے آخر میں تعلیم حاصل کی ہو

نوٹس

- ☐ **اجازت نہ دینے کے اس نوٹس کو ہر سال مکمل کرنا ضروری ہے۔**
- ☐ **کسی سکول کے پرنسپل کو کسی خاص پبلیکیشن میں جہاں پر ڈائرکٹری میں موجود معلومات استعمال ہوتی ہیں طالب علم/طالبہ کے متعلق ڈائرکٹری میں موجود معلومات شامل کرنے کے لیے تحریری طور پر تصدیق ضروری ہو گی۔**

میں، ____________________________ یہ درخواست کرتا/کرتی ہوں کی سٹی سکول ڈسٹرکٹ آف ایلبنی کی طرف سے میرے/میری طالب علم/طالبہ کے تعلیمی ریکارڈز کے حوالے سے ڈائرکٹری میں موجود معلومات کا افشاء نہ کیا جائے۔
دستخط: ______________________________________ تاریخ: _________________________

VISION STATEMENT
The City School District of Albany will be a district of excellence with caring relationships and engaging learning experiences that provide equitable opportunities for all students to reach their potential.

MISSION STATEMENT
We will work in partnership with our diverse community to engage every learner in a robust educational program designed to provide the knowledge and skills necessary for success.